Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۵ ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲ مارچ ۱۹۳۵ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری عطائے رقم سرما ہی بہ ڈپٹی سکریٹری صاحبان و ہیڈ اسسٹنٹ صاحبان	۲
(۲)	ترقی عہدہ ہائے منشی سید امداد علی صاحب ہیڈ اسسٹنٹ و منشی کشن لال صاحب اکاؤنٹنٹ اجلاس ہمایوں	۳
(۳)	قائمی سلسلہ ملازمت منشی شوکت علی خاں صاحب ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں۔	″
(۴)	منسوخی اجازت صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر	″
(۵)	رخصت لفٹنٹ شریف احمد خاں کوارٹر ماسٹر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	″
(۶)	عطائے ٹریننگ کپتانی بہ لفٹنٹ عبدالغنی خاں۔	۴
(۷)	رخصت صاحبزادہ سید اصغر علی خاں بہادر کپتنی کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری۔	″

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس)

احکام اجلاس همایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم: واقع ۲۳ فروری ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ اجرائے رستم مقررہ سربیہی منظور ہے کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض : پیرسانند

جناب عالی!

ڈپٹی سکریٹری صاحبان ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں و دار الانشاء و غیرہ کی درخواست پیش ہوئی کہ بہت قدیم زمانہ سے بنظر پرورش والطاف شاہانہ پیر منشیان و نائب منشیان کو مبلغ ساٹھ روپیہ کی رستم سالانہ بنام نہاد سربیہی عطا ہوتی رہی ہے۔ سال گذشتہ تک یہ رقم ہم جاں نثاران کو ملی۔ لیکن سال حال میں ساٹھ روپیہ کی رستم بجٹ میں نہ ہونے سے عطا نہیں ہوئی۔ چونکہ یہ عطیہ شاہانہ قدیم الایام سے بنظر پرورش و تفضلات مرحمت ہوتا چلا آیا ہے۔ لہذا مثل سالہائے گذشتہ عطا و مرحمت فرمایا جائے۔

دفاتر سرکاری سے دریافت و تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ رستم عہد نواب جنت آرامگاہ صاحب مرحوم سال ۱۲۹۰ھ سے عطا ہوتی رہی ہے۔ اس سے قبل کے کاغذات کارگزاری موجود نہیں اور صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر نے بھی بسبب حق دیرینہ سفارش کی ہے کہ ڈپٹی سکریٹریز صاحبان و ہیڈ اسسٹنٹ کی رقم مقررہ کو جاری فرما دیا جائے تو عین قدر نوازی اور قدر افزائی ہے۔

رستم مقررہ مثل سنین ماضیہ منظور فرمائی جا کر عطا فرمائی جائے تو بعید از بندہ پروری نہ ہوگا۔

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ اس بارہ میں بارگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔

دولت و اقبال ہمیشہ برترقی باد

عرضی ترقی خواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۲ فروری ۱۹۳۵ء

منشائے حکم ہمایوں سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۳ فروری ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۲۵ فروری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و حکم)

یادداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔

حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر سید امداد علی ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں کو "ڈپٹی سکریٹری" اور منشی لکھن لال اکاؤنٹنٹ اجلاس ہمایوں کو "ہیڈ اسسٹنٹ" کے نام سے موسوم کیا جانا منظور ہے۔

سید امداد علی ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں کو عہدہ "ڈپٹی سکریٹری" کے اور منشی لکھن لال ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں کو عہدہ "ہیڈ اسسٹنٹ" کے حقوق ملینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار:- واقع ۲۸ فروری ۱۹۳۵ء

منشی شوکت علی خاں ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں کا سلسلۂ ملازمت بحکم ۶ اکتوبر ۱۹۳۲ء حسب رپورٹ اکاؤنٹنٹ جنرل آفس نومبر ۱۹۱۳ء سے برقرار رکھا گیا ہے۔ انہوں نے تقرر ابتدائی سے قائمی سلسلۂ ملازمت کی استدعا کی ہے۔

بملاحظہ کاغذات واضح ہوا کہ ابتدائی تقرر اہلمدی ۲۰ دسمبر ۱۹۱۰ء کو ہوا تھا۔ ۲۸ نومبر ۱۹۱۲ء کو علیحدہ ہوئے ۲۰ مارچ ۱۹۱۳ء سے محکمۂ آبکاری میں تقرر ہوا۔ اور بوجہ شکستگی دفتر آبکاری یکم ستمبر ۱۹۱۳ء سے علیحدگی ہوئی۔ ازاں بعد بحکم ۸ ستمبر ۱۹۱۳ء تقرر ہو کر ۲ جولائی ۱۹۱۵ء سے علیحدگی۔ اور بحکم ۱۱ نومبر ۱۹۱۳ء سررشتہ آڈٹ میں اہلمدی پر مقرر ہوئے۔ لہذا منشی شوکت علیخاں ڈپٹی سکریٹری اجلاس کا سلسلۂ ملازمت ابتدائی تقرر ۲۰ دسمبر ۱۹۱۰ء سے برقرار رکھا جانا منظور ہے تا زمانہ علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملیگی

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

شمولین منسلکہ واپس محافظ خانہ ہوں

بائی آرڈر

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۲۷ فروری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و حکم)

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے انبالہ نہیں جاسکے۔ لہذا ان کی اجازت چار یوم ۲۷ فروری لغایت ۲ مارچ ۱۹۳۵ء منسوخ کیجاتی ہے

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار:- واقع ۲۸ فروری ۱۹۳۵ء

ذریعہ عرضداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ سات یوم مطلوبہ لفٹننٹ کوارٹر ماسٹر شریف احمد خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۵ مارچ لغایت ۱۱ مارچ ۱۹۳۵ء بغرض شرکت شادی ہمشیرزادہ خود بمقام جالندھر (پنجاب)

حکم

بموجب رپورٹ لفٹننٹ کوارٹر ماسٹر شریف احمد خاں رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ سات یوم ۵ مارچ لغایت ۱۱ مارچ ۱۹۳۵ء منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم:- واقع ۲۰ فروری ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم۔

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب سفارش صاحب آرمی منسٹر بہادر لفٹنٹ عبدالغنی خاں مامورہ ڈپوڈی کو رینک "کپتان" عطا کیا جانا منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

آرمی ہیڈکوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

حکم:- واقع ۲۰ فروری ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

وضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ حسب استدعائے صاحب آرمی منسٹر بہادر کپتان صاحبزادہ سید اصغر علی خاں بہادر کمپنی کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ چند یوم تاریخ استفادہ سے منظور کیجاتی ہے۔

حال ہی میں کپتان عمران شاہ خاں اور لفٹنٹ شریف احمد خاں نے رخصت لی ہے۔ ایک زمرہ کے تین افسران کا بیک وقت رخصت پر جانا باعث حرج کار ہے آئندہ اس کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں